$$x - y = 2 \ldots \text{(ii)}$$

نکات جن پر عمل کرنا ہے :

1- پہلی مساوات کے لیے x کو حل کیجیے :

$$x + \mathrm{y} = 4$$
$$x = 4 - y$$

2- اس اظہاریے کا دوسری مساوات میں x سے تبادلہ کیجیے اور y کو حل کیجیے :

$$x - y = 2$$
$$(4 - y) = y = 2 = 4 - 2y = 2$$
$$-2y = 2 - 4$$
$$-2y = -2$$
$$y = 1$$

3- y کی اس قدر کو پہلے نکتے کی مساوات میں رکھیے۔

$$x = 4 - y$$

مساوات کو حل کرنا :

$x + 3 = 9$

$x + 3 - 3 = 9 - 3$ (3 + کے متضاد 3 کو دونوں اطراف جمع کرنے سے)

$x = 6$ (مساوات کی جمعی خصوصیت)

حل سیٹ ہے $= \{6\}$

مثال : $x - 8 = 6$ کو حل کیجیے۔

$x - 8 = 6$

$x - 8 + 8 = 6 + 8$ (دونوں اطراف 8 + جمع کرتے ہوئے)

$x - \{14\}$ (مساوات کی جمعی خصوصیت)

حل سیٹ ہے $= \{14\}$

مسائل میں مساوات کا استعمال

مساوات کا حل تلاش کرنے میں ہم نے جو صلاحیت حاصل کی ہے وہ اکثر ہمیں عبارتی مسائل حل کرنے میں بھی مدد دیتی ہے۔

کوئی بھی عبارتی مسئلہ حل کرنے کے لیے دیے گئے نکات پر ترتیب سے عمل کریں۔

1- مسئلے کو کئی بار پڑھیں پھر فیصلہ کریں کہ کیا اعداد پوچھے گئے ہیں اور کیا معلومات دی گئی ہے۔ ایک خاکہ بنانا مفید ہو گا۔

2- ایک متغیر کا انتخاب کریں اور اسے دیے گئے حقائق کے ساتھ استعمال کریں تا کہ مسئلے میں بیان کیا گیا عدد پیش کیا جا سکے۔

3- مسئلے کو پڑھیں پھر ایک کھلا جملہ لکھیں جو مسئلے میں دیے گئے اعداد کے تعلق کو ظاہر کرے۔

4- کھلے جملے کو حل کریں اور مطلوبہ اعداد (عدد) حاصل کریں۔

5- اپنے نتیجے کی عبارتی مسئلے سے پڑتال کریں، جواب دیں۔

مثال: $x^2 + x - 6$ کے اجزائے ضربی بتایئے۔

$$\begin{aligned} & x^2 + x - 6 \\ &= x^2 + 3x - 2x - 6 \\ &= (x^2 + 3x) - (2x + 6) \\ &= x(x + 3) - 2(x + 3) \\ &= (x + 3)\,(x - 2) \end{aligned}$$

یہ ذہن میں رکھیے جب سہ درجی اظہاریوں کے اجزائے ضربی معلوم کیے جا رہے ہوں تو ضرب اور جمع کے تمام کلیوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

سادہ مساوات

مساوات پر ایک نظر ڈالیے۔

$$10 - 4 = 6,\ 5x - 1 = 9,\ a + 3 = 3 + a$$

ایک مساوات دو اعداد یا متغیر اظہاریوں (جنھیں سمتیں کہتے ہیں) کے درمیان '=' نشان لگانے سے بنتی ہے۔

جملے جن میں متغیرات ہوں جیسے مساوات $5x - 1 = 9$ اور $a + 3 = 3 + a$ 'کھلے جملے' کہلاتے ہیں۔

جب ہم ایک کھلے جملے میں کسی عدد کو متغیرات سے بدل دیتے ہیں تو ہمیں ایک ایسا بیانیہ ملتا ہے جو غلط یا صحیح ہوسکتا ہے۔

مثال: x کی قدر معلوم کیجیے جس کے لیے $5x - 1 = 9$ ایک صحیح بیانیہ ہے۔

x کو 1، 2 یا 3 سے تبدیل کر دیجیے۔

$$5x - 1 = 9$$

$5\,(1) - 1 = 0$	(غلط)
$4 = 9$	(غلط)
$5\,(2) = 1 = 0$	(صحیح)
$5\,(3) = 1 = 9$	(غلط)

لہٰذا x کی مطلوبہ قدر 2 ہے۔ ایک ایسے متغیر کی کوئی بھی قدر جو ایک کھلے جملے کو ایک درست بیانیہ میں تبدیل کرتی ہے۔ وہ جملے کا 'حل' کہلاتی ہے۔ یہ جملہ کو 'صحیح' کرتی ہے۔

کسی کھلے جملے کے حلوں کا سیٹ جملے کا 'حل سیٹ' کہلاتا ہے۔ حل سیٹ کو تلاش کرنا جملے کو 'حل کرنا' ہے۔ ہم حل سیٹ دکھانے کے لیے درمیان خطوط وحدانی استعمال کر سکتے ہیں۔ اسی طرح درج بالا مثال کے لیے بھی ہم یہی کہہ سکتے ہیں۔

'حل ہے 2'

یا حل سیٹ ہے $\{2\}$

3 اور 4 کا حاصل　　3 اور 4 کی جمع

$$(x + 3)\ (x + 4) = x^2 + 7x + 12$$

+3 اور +4 کا حاصل　　+3 اور +4 کی جمع

ہم دیکھ سکتے ہیں کہ :

$$(x + a)\ (x + b) = x^2 + (a + b)\ x + ab$$

اس قسم کے کثیر رقمی اظہاریوں کے اجزائے ضربی معلوم کرنے کی تکنیک $ax^2 + bx + c$ ہے۔

1- ان اجزائے ضربی کے جوڑوں کی فہرست بنایئے جن کا حاصل مستقل رقم کے مساوی ہو۔

2- فہرست میں اجزائے ضربی کے وہ جوڑے تلاش کیجیے جن کی جمع درمیانی رقم کے عددی سر کے مساوی ہو۔

مثال : اجزائے ضربی معلوم کیجیے۔ $x^2 + 5x + 6$

$$2 \times 3 = 6$$
$$1 \times 6 = 6$$

1- چونکہ درمیانی رقم کا عددی سر 5 ہے جو مثبت عدد ہے اس لیے 6 کے مثبت جوڑوں کی فہرست بنایئے۔

2- وہ اجزائے ضربی تلاش کیجیے جن کی جمع $(5 = 3 + 2)$3 اور 2 : 5 ہو۔

3- $x^2 + 5x + 6$ کو دوبارہ اس طرح لکھیے۔

$$\begin{aligned} & x^2 + 3x + 2x + 6 \\ &= x(x^2 + 3) + (2x + 6) \\ &= x(x + 3) + 2(x + 3) \\ &= (x + 3)\ (x + 2) \end{aligned}$$

مثال : اجزائے ضربی بنایئے ۔ $x^2 - 5x + 6$

1- چونکہ $5 > 0,$ لہٰذا 6 کے منفی اجزائے ضربی پر توجہ دیں۔

2- 6 کے اجزائے ضربی کا چناؤ کیجیے جن کی جمع 5 یعنی 2 اور 3 ہو۔

3- $x^2 - 5x + 6$ کو دوبارہ اس طرح لکھیے۔

$$\begin{aligned} &= x^2 - 3x - 2x + 6 \\ &= x(x - 3) - (2x - 6) \\ &= x(x - 3) - 2(x - 3) \\ &= (x - 2)\ (x - 3) \end{aligned}$$

مثال : $x^2 + x - 6$ کے اجزائے ضربی معلوم کیجیے۔

-6 کے اجزائے ضربی ہیں 3 اور 2۔

$$\begin{aligned} & 3 + (-2) = 1 \\ &= x^2 + 3x - 2x - 6 \\ &= (x^2 + 3x) - (2x + 6) \\ &= x(x + 3) - 2(x + 3) \\ &= (x + 3)(x - 2) \end{aligned}$$

کیا درمیانی رقم پہلی اور آخری رقموں کے جذروں کے حاصل کا دگنا ہے۔

مثال : کیا $81x^2 + 90xy + 25y^2$ ایک سہ درجی مربع ہے؟

پہلی رقم $81x^2$ ، $9x$ کا مربع ہے۔

آخری رقم $25y^2$ ، $5y$ کا مربع ہے۔

درمیانی رقم $90xy$ ، $81x^2$ اور $25y^2$ کے جذروں کا مکرر حاصل ہے۔

اس طرح $81x^2 + 9xy + 25y^2$ ایک مکمل مربع ہے۔

مثال : کیا $100c^2 + 30cd + 9d^2$ مکمل مربع ہے؟

$$\sqrt{100c^2} = 10c, \sqrt{9d^2} = 3cd$$

لیکن $2(10c)\,(3d) = 60cd \neq 30cd$

$$(10c + 3d)^2 = (10c)^2 + 2(10c)\,(3d) + (3d)^2$$

$$100c^2 + 60cd + 9d^2$$

اس طرح $100c^2 + 30cd + 9d^2$ ایک مکمل مربع نہیں ہے کیونکہ اس کے لیے درمیانی رقم 60cd ہونی چاہیے تھی 30cd نہیں۔

ایک مکمل مربع والے اظہاریے کے اجزائے ضربی بنانا

مثال : اجزائے ضربی بنایئے : $81x^2 + 90xy + 25y^2$

$$81x^2 + 90xy + 25y^2$$

$$= (9)x^2 + 2(9)x\,(5y) + (5y^2)$$

$= (9x + 5x)^2 = (9x + 5y)\,(9x + 5y)$ اجزائے ضربی ہیں۔

اجزائے ضربی بنایئے : $36a^2 - 84ab + 49b^2$

$$36a^2 - 84ab + 49b^2$$

$$= (6a)^2 - 2(6a)\,(7b) + (7b)^2$$

$= (6a - 7b)^2 = (6a - 7b)\,(6a - 7b)$ اجزائے ضربی ہیں۔

$ax^2 + bx + c$ کی طرز کے اظہاریوں کے اجزائے ضربی بنانا

$(x + b)\,(x + b)$ کی شکل کے حاصل کے طور پر سہ درجیوں کے اجزائے ضربی بنائے جا سکتے ہیں جہاں a اور b یا تو مثبت ہیں یا منفی۔

اب ان حاصلات پر نظر ڈالیں۔

$$(x + 3)\,(x + 4) = x2 + 7x + 12$$

اظہاریے کے اجزائے ضربی ہیں :

$(ax + 2bcy)$ اور $8a^2bc$

مثال : اجزائے ضربی معلوم کیجیے۔ $ax + ay + bx + by$

دونوں رقموں کے آپس میں گروپ بنانا

$$(ax + ay) + (bx + by) = a(x + y) + b(x + y)$$
$$= (x + y)\ (a + b)$$

اب $(x + y)$ کو ایک مشترک جزو ضربی سمجھیے۔

اجزائے ضربی ہیں۔ $(a + b)$ اور $(x + y)$

$$(a + b)\ (x + y)$$
$$= ax + ay + bx + by$$

کبھی کبھی رقموں کو اس انداز میں ترتیب دیا جاتا ہے کہ ان کے اجزائے ضربی بنانے میں آسانی رہے۔

مثال : اجزائے ضربی بنایئے : $axy - bcz + bcxy - az$

رقموں کی ترتیب بدلتے ہوئے :

$$axy - bcxy - az - bcz$$

رقموں کو گروپ میں تبدیل کرتے ہوئے :

$$(axy + bcxy) - (az + bcz)$$

مشترک اجزائے ضربی تلاش کرنا :

$$xy(a + bc) - z(a + bc) = (a + bc)\ (xy - z)$$

اجزائے ضربی ہیں $(a + bc)$ اور $(xy - z)$

$a^2 \pm 2ab + b^2$ کی قسم کے اظہاریے کے اجزائے ضربی بنانا

مساوات کے یکساں جزو کی خصوصیت کی مدد سے ہم کلیات کو دوبارہ لکھ سکتے ہیں تاکہ دو درجی اظہاریوں کو مربع کر کے ایسی صورت بنائی جائے جو اجزائے ضربی میں مددگار ثابت ہو۔

$$a^2 + 2ab + b^2 = (a + b)^2 = (a + b)\ (a + b)$$
$$a^2 - 2ab + b^2 = (a - b)^2 = (a - b)\ (a - b)$$

مساوات کے بائیں سمتوں کے اظہاریے 'سہ درجی مربع' یا 'مکمل مربع' کہلاتے ہیں کیونکہ ہر اظہاریے میں تین رقمیں ہیں اور وہ دو درجی کا مربع ہے۔

یہ فیصلہ کرنے کے لیے کہ ایک سہ درجی اظہاریے ایک سہ درجی مربع ہے یا نہیں مندرجہ ذیل سوالات کیجیے :

کیا پہلی رقم مربع ہے؟

کیا آخری رقم مربع ہے؟

اجزائے ضربی بنانا (Factorisation)

جب ہم لکھتے ہیں :

$72 = 9 \times 8$ یا $72 = (2)\ (36)$

تو ہم نے 72 کو اجزائے ضربی میں تبدیل کر دیا۔

پہلی صورت میں اجزائے ضربی 9 اور 8 ہیں۔

دوسری صورت میں 2 اور 36 ہیں۔

الجبرا میں ہم ایک کثیر رقمی اظہاریہ کے اجزائے ضربی ، دوسری کثیر رقم اظہاریہ کا حاصل ظاہر کر کے کرتے ہیں۔

ہم ایک کثیر رقمی اظہاریہ کے اجزائے ضربی معلوم کرنے کے لیے تقسیم کا استعمال کر سکتے ہیں۔

مثال : $bx + by$ میں

دونوں کو b سے تقسیم کرتے ہوئے۔

$$bx/b + by/b$$
$$= (x + y)$$

$x + y$ کو b سے ضرب دے کر ہم حاصل کرتے ہیں $bx + by$

لہٰذا $bx + by$ کے اجزائے ضربی ہیں b اور $(x + y)$

$ka + kb + kc$ کی قسم کے اظہاریے کے اجزائے ضربی کرنا :

اس اظہاریے میں k تمام رقموں کا ایک مشترکہ جزو ضربی ہے لہٰذا (k) اور $(a + b + c)$

$ka + kb + kc$ کے اجزائے ضربی ہیں۔

مثال : $8cx + 10cy + 10cz$ کو اجزائے ضربی میں تبدیل کریں۔

2c اظہاریے میں رقم کا مشترک جزو ضربی ہے۔

ہر رقم کو 2c سے تقسیم کر کے حاصل کرتے ہیں :

$$8cx/2c + 10cy/2c + 12cz/2c$$
$$= (4x + 5y + 6z)$$

اظہاریے کے اجزائے ضربی ہیں :

2c اور $(4x + 5y + 6z)$

مثال : $8a^2\ bcx + 16a^2b^2c^2y$ کے اجزائے ضربی بنائیے۔

دونوں رقموں میں مشترک جزو ضربی ہے $8a^2bc$

ہر رقم کا $8a^2bc$ سے تقسیم کرنا

$$8a^3bcx/8a^2bc + 16a^2b^2c^2y/8a^2bc = ax + 2bcy$$

دوسرے خطوط وحدانی اس ترتیب سے ہٹائے جائیں گے۔ چھوٹے خطوط وحدانی ، درمیانے خطوط وحدانی اور بڑے خطوط وحدانی۔

اگر خطوط وحدانی سے پہلے کوئی رقم دی گئی ہو تو اندر کی تمام رقمیں اس سے ضرب دی جائیں گی۔ اگر باہر نفی کی علامت ہو تو خطوط وحدانی میں موجود تمام رقم کی علامات تبدیل ہو جائیں گی۔

کسی خطوط وحدانی میں دیے گئے اظہاریے کو DMAS اصول کے مطابق سادہ بنانا چاہیے۔

یعنی پہلے تقسیم ، پھر ضرب ، پھر جمع اور آخر میں تفریق۔

مثال : سادہ بنائیے :

	$2x - [x - \{3x - (x - 2y - 1)\}]$
خط اشتراک کو ہٹانا	$2x - [x - \{3x - (x - 2y + 1)\}]$
چھوٹے خطوط وحدانی کو ہٹانا	$2x - [x - \{3x - x + 2y - 1\}]$
درمیانے خطوط وحدانی کو ہٹانا	$2x - [x - 3x - x + 2y + 1]$
مماثل رقوم کو حل کرنا	$2x - x + 3x - x + 2y - 1$
	$3x + 2y - 1$

$$
\begin{array}{r}
3x^2 + 2x - 4 \\
\times \quad 2x^2 - 4x + 5 \\
\hline
6x^4 + 4x^3 - 8x^2 \qquad\qquad\qquad \\
-12x^3 - 8x^2 + 16x \qquad \\
+15x^2 + 10x - 20 \\
\hline
6x^4 - 8x^3 \quad - x^2 + 26x - 20
\end{array}
$$

کثیر رقمی اظہاریوں کی تقسیم

ایک کثیر رقمی اظہاریے کی دوسرے سے تقسیم عام طویل تقسیم کی طرح ہے۔ کثیر رقمی اظہاریوں کو تقسیم کرتے وقت ہمیں یہ یقین کر لینا چاہیے کہ ہر کثیر رقمی اظہاریے کی رقمیں متغیر میں نزولی ترتیب رکھتی ہیں۔ تقسیم اس وقت ختم ہوتی ہے جب باقی بچ جانے والا یا تو صفر ہو یا تقسیم کنندہ سے چھوٹا ہو۔

مثال: $8x^4 - 12x^3 + 6x^2 + 22x - 15$ کو $4x^2 + 2x - 3$ سے تقسیم کیجیے۔

$$
\begin{array}{r|l}
 & 2x^2 - 4x + 5 \\
\hline
4x^2 + 2x - 3 & 8x^4 - 12x^3 + 6x^2 + 22x - 15 \\
 & \pm 8x^4 \pm 4x^3 \mp 6x^2 \\
\cline{2-2}
 & \qquad -16x^3 + 12x^2 + 22x - 15 \\
 & \qquad \mp 16x^3 \mp 8x^2 \pm 12x \\
\cline{2-2}
 & \qquad\qquad + 20x^2 + 10x - 15 \\
 & \qquad\qquad \pm 20x^2 \pm 10x \mp 15 \\
\cline{2-2}
 & \qquad\qquad\qquad x
\end{array}
$$

حاصل قسمت $2x^2 - 4x + 5$ ہے

الجبری اظہاریوں کو آسان کرنا

الجبرا میں مندرجہ ذیل قسم کے بریکٹس استعمال کیے جاتے ہیں۔

( ) : چھوٹے خطوط وحدانی

{ } : درمیانے خطوط وحدانی

[ ] : بڑے خطوط وحدانی

– : خط اشتراک

جب الجبری اظہاریے میں بریکٹ موجود ہوں تو اسے سادہ بنانے کا آغاز پہلے خط اشتراک سے کیجیے۔

الجبرا (Algebra)

کثیر رقمی اظہاریوں کی جمع اور تفریق

دو کثیر رقمی اظہاریوں کو جمع کرنے کے لیے ہم رقم درج کرتے ہیں اور یکساں علامات والی رقوم کو جمع کر کے سادہ بناتے ہیں۔ اگر ان اظہاریوں کو صعودی یا نزولی انداز میں ترتیب دیا جائے تو سہولت ہو جاتی ہے۔

مثال : جمع کرنے کے لیے :

$3x - 2x^3 + 3x^2 - 4$ اور $6x + 7 + 2x^3 - 5x^2$

اظہاریوں کی نزولی صورت میں ترتیب دینا اور انھیں عمودی انداز میں لکھنا

$$\begin{array}{r} +3x^2 + 3x - 4 \\ \underline{-5x^2 + 6x + 7} \\ \underline{-2x^2 + 9x + 3} \end{array}$$

کثیر رقمی اظہاریوں کی تفریق بالکل اسی طرح ہے جیسے حقیقی اعداد کی تفریق۔

کسی عدد کو گھٹانے کے لیے ہم اس عدد کی ضد کو جمع کرتے ہیں۔ کثیر رقمی اظہاریے کو تفریق کرنے کے لیے ہم ہر رقم کی ضد کو جمع کرتے ہیں تا کہ اسے آسان بنایا جائے۔

مثال : $8x^4 - 3x^2 + 4x - 6$ میں سے $3x^4 - 5x^2 + 5x - 3$ تفریق کیجیے۔

اظہاریوں کو عمودی شکل میں لکھنا

$$\begin{array}{r} 8x^4 - 3x^2 + 4x - 6 \\ 3x^4 - 5x^2 + 5x - 3 \\ \underline{- \quad + \quad - \quad +} \\ \underline{5x^4 + 2x^2 - x - 9} \end{array}$$

(مخالف کو تبدیل کرتے ہوئے)

کثیر رقمی اظہاریوں کا ضرب

جب ہم ایک ہی اساس کی حامل دو قوتوں کو ضرب دیتے ہیں تو، ہم قوت نما کو جمع کرتے ہیں جیسا کہ ذیل میں دکھایا گیا ہے :

$$x^2 . x^5 = x^{2+5} = x^7$$

ضرب کے لیے قوت کا اصول ہے : ہر مثبت صحیح اعداد m اور n کے لیے

مثال : $3x^2 + 2x - 4$ کو $2x^2 - 4x + 5$ سے ضرب دیجیے۔

اظہاریوں کو عمودی شکل میں ترتیب دیجیے:

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

محصول آمدنی

کوئی شخص ایک سال میں جتنا کماتا ہے وہ اس کی 'کل آمدنی' کہلاتی ہے۔

اس کل آمدنی کا ایک مخصوص حصہ جو وہ حکومت کو ادا کرتا ہے 'محصول آمدنی' یا 'انکم ٹیکس' کہلاتی ہے۔ بقیہ آمدنی اس کی 'خالص آمدنی' کہلاتی ہے۔

مختلف قیمتوں پر انکم ٹیکس کی کٹوتیوں کا ایک جدول بنایئے اور اسے سبق پڑھاتے ہوئے دکھایئے۔ ٹیکس کی ذمہ داری پر چھوٹ کی کٹوتی % ہے۔

واجب الادا انکم ٹیکس معلوم کرنا

مثال: ایک آدمی کی سالانہ آمدنی 13,550,00 روپے ہے۔ اس پر کتنا انکم ٹیکس واجب الادا ہو گا؟

کل آمدنی = 13,550,00 روپے

رقم جو 12,00,000 روپے سے متجاوز ہے = 1,355,000 روپے

_ 1,200,000 روپے

155,000 روپے

چونکہ اس کی آمدنی 24,00,000 روپے سے متجاوز نہیں لہٰذا انکم ٹیکس کی شرح ہو گی 5%۔

1,55,000 روپے پر انکم ٹیکس ہو گا $1,55,000 \times \frac{5}{100} = 7750$ روپے

لہٰذا انکم ٹیکس = 7750 روپے

Income Tax Slabs 2018–2019

Salary per annum		Income tax rate
1.	Up to Rs. 1,200,000	0%
2.	Rs. 1,200,001 to 2,400,000	5%
3.	Rs. 2,400,001 to 4,800,000	10%
4.	Rs. 4,800,001 and above	15%

10 روپے پر یہ منافع ہو گا $10/50 \times 100 = 20\%$

لاگت = 50 روپے

قیمت فروخت = 40 روپے

نقصان ہوا 10 روپے = $50 - 40$

لاگت (50 روپے) پر نقصان ہے 10 روپے۔ لاگت (ایک روپیہ) پر نقصان ہے 10/50

100 پر نقصان ہو گا $20\% = 10/50 \times 100$

نوٹ : منافع اور نقصان کی فی صد ہمیشہ لاگت سے معلوم کی جاتی ہے۔

بیمہ

کسی گھر ، کار یا دوسری قیمتی اشیا کو نقصان سے محفوظ رکھنے کے لیے ان کا بیمہ کروایا جاتا ہے۔ بیمہ کروانے والا ایک مخصوص رقم بطور ، پریمیئم ، انشورنس کمپنی کو ادا کرتا ہے۔ یہ رقم ، ان چیزوں کی کل قیمت کی ایک مخصوص فی صد سے شمار کی جاتی ہے۔ یہ فی صد' پریمیئم کی شرح' کہلاتی ہے۔

پریمیئم معلوم کرنے کے لیے :

مثال : ایک آدمی 500,000 پر اپنی زندگی کا بیمہ کرواتا ہے۔ وہ آدمی 2/12 فی صد کی شرح سے سالانہ کتنا پریمیئم ادا کرے گا؟

100 روپے پر وہ 2.50 روپے پریمیئم ادا کرتا ہے۔

500,000 پر وہ ادا کرے گا $500,000 \times \frac{2.50}{100}$

سالانہ پریمیئم 500,12 = روپے

پریمیئم کی شرح معلوم کرنے کے لیے :

مثال : ایک شخص اپنی زندگی کا بیمہ 450,000 روپے میں کرواتا ہے اور سالانہ پریمیئم کے طور پر 13,500 روپے ادا کرتا ہے۔ بتایئے اس کے پریمیئم کی شرح کیا ہے؟

وہ 450,000 پر 13,500 روپے ادا کرتا ہے۔

وہ 100 روپے پر ادا کرتا ہے۔ $13,500/450,000 \times 100 = 3$ روپے

لہٰذا اس کے پریمیئم کی شرح 3% ہے۔

فی صد، بیمہ، محصولِ آمدنی (Percentage, Insurance, and Taxation)

ایک عدد کے دوسرے عدد سے تناسب کو بطور فی صد بھی واضح کیا جا سکتا ہے۔ لفظ 'فی صد' (جس کی علامت % ہے) کا مطلب ہے 'سوواں' یا 100 سے تقسیم کیا ہوا۔

مثال: 29/100 کو 29 فی صد کہا جاتا ہے اور اس طرح لکھا جاتا ہے 29% ۔

ہم ایک مقدار کو دوسری مقدار کی فی صد کی شکل میں ظاہر کر سکتے ہیں۔

مثال: 3 کو 5 کے فی صد کے طور پر ظاہر کریں۔

100 کا 3/5

$= 3/5 \times 100 = 300/5 = 60\%$

اس کا مطلب ہے کہ 3، 5 کا 60% ہے۔

فی صد کا اطلاق

فی صد بڑے پیمانے پر استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ اس کا اطلاق زکوٰۃ، کمیشن، رعایت اور محصولات پر ہوتا ہے۔

نفع اور نقصان

کسی بھی چیز کی لاگت اس کی اصل قیمت ہے۔ اس کی قیمت فروخت وہ ہے جس پر اسے فروخت کیا جاتا ہے۔

اگر قیمت فروخت لاگت سے زیادہ ہو تو دکاندار کو منافع ہوتا ہے۔

مثال: لاگت ہے 50 روپے

قیمت فروخت ہے 60 روپے

منافع ہے 10 روپے = 50 − 60

مثال: لاگت ہے 50 روپے

قیمت فروخت ہے 40 روپے

نقصان ہوا 10 روپے = 40 − 50

نفع اور نقصان کو فی صد میں ظاہر کرنے کے لیے:

لاگت = 50

قیمت فروخت = 60

نفع 50 − 60 = 10

لاگت (50 روپے) پر منافع ہوا 10 روپے

آدمی اور دنوں میں تناسب، معکوس ہے۔

دن	:	آدمی	:	کام
3		30		1/3
5		x	.	2/3
(بالواسطہ تناسب)				(راست تناسب)

(تیروں کے نشان کے مطابق)

$$1/3 \times x \times 5 = 2/3 \times 30 \times 3$$

$$5/3 \times 3/5 \times x = 2 \times 3 \times 30 \times 3/3 \times 5$$

$$x = 36$$

$36 - 30 = 6$ یعنی مزید 6 آدمیوں کو ملازم رکھنا ہوگا۔

مرکب تناسب (Compound Proportion)

تناسب کی ایک اور قسم جس میں دو سے زیادہ تناسب شامل ہوں 'مرکب تناسب' کہلاتا ہے۔

کسی مرکب تناسب کو حل کرنے کے لیے ہم اسے دو یا زیادہ ، آسان تناسبوں میں تقسیم کر دیتے ہیں۔

مثال : اگر 14 آدمی ایک کام 5 گھنٹے روزانہ کر کے 8 دن میں مکمل کر سکتے ہیں تو 35 آدمیوں کو وہ کام 4 دن میں مکمل کرنے کے لیے روزانہ کتنے گھنٹے درکار ہوں گے۔

توجیہہ : کم آدمی زیادہ دن۔کم گھنٹے زیادہ دن

آدمیوں اور دنوں میں یہ تناسب ، معکوس ہے اور گھنٹوں اور دنوں میں بھی یہ تناسب معکوس ہے۔

(وہ مقدار جو معلوم کرنی ہو اسے درمیان میں رکھیں۔)

	دن	:	گھنٹے	:	آدمی
(معکوس)	8	←	5	←	14
(معکوس)	4	←	x	←	35

ہم انھیں ایک دوسرے سے ضرب دیتے ہیں جیسے تیر کے نشان سے واضح کیا گیا ہے۔

$$14 \times 5 \times 8 = 35 \times 4 \times x$$

$$\frac{14 \times 5 \times 8}{35 \times 4} = \frac{35 \times 4 \times x}{35 \times 4}$$

$x =$ 4 گھنٹے

زیادہ آدمی کم دنوں میں کام کریں گے تو وہ روزانہ کم گھنٹے صرف ہوں گے۔

مثال : 30 آدمیوں کو ایک کام 8 دنوں میں مکمل کرنے کے لیے ملازم رکھا گیا ہے لیکن کام کا 1/3 حصہ ، 3 دنوں میں مکمل ہو سکا۔ بتایئے کہ اس کام کو وقت پر مکمل کرنے کے لیے مزید کتنے آدمیوں کو ملازم رکھنا ہو گا۔

دن	:	آدمی	:	کام
3	:	30	:	1/3
5	:	x	:	2/3

توجیہ : زیادہ آدمی کم دن ، کم کام کم آدمی۔

کام اور دنوں میں تناسب ، راست ہے۔

مثال: $1111_2 - 231_5 - 360_{10}$ کو حل کریں۔

اعداد کو اساس 10 میں تبدیل کرنا۔

$$231_5 = 50 + 15 + 1 = 66_{10}$$
$$1111_2 = 8 + 4 + 2 + 1 = 15_{10}$$
$$= 360_{10} - 231_5 - 1111_2$$
$$= 360_{10} - 66_{10} - 15_{10}$$
$$= 360_{10} - 81_{10}$$
$$= 279_{10}$$

ہم مختلف اساس والے اعداد کو اساس دس میں تبدیل کر کے ان کا حاصل پا سکتے ہیں۔

مثال: $241_5 \times 1011_2$

اعداد کو اساس 10 میں تبدیل کرنا۔

$$241_5 = 50 + 20 + 1 = 71_{10}$$
$$1011_2 = 8 + - 2 + 1 = 11_{10}$$
$$= 241_5 \times 1011_2$$
$$= 71_{10} \times 11_{10}$$

حاصل کو جمع کرنا

$$\begin{array}{r} 1234_5 \\ +\ \underline{21310_5} \\ \underline{\underline{23044_5}} \end{array}$$

مثال : ضرب دیجیے۔ 342_5 اور 32_5

$$\begin{array}{r} 342_5 \\ \times\ 32_5 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

پہلے ہم 342_5 کو 2 سے ضرب دیں گے۔

$$\begin{array}{l} 342_5 \\ 2_5 \\ \hline 1234_5 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{l} 2 \times 2 = 4 \\ 4 \times 2 = 8 = 13_5 \\ 3 \times 2 = 6 + 1 = 7 = 12_5 \end{array}$$

اب ہم 342_5 کو 3_5 سے ضرب دیں گے۔

$$\begin{array}{l} 342_5 \\ \times\ 3_5 \\ \hline 2131_5 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{l} 2 \times 3 = 6 = 1 = 1_5 \\ 4 \times 3 = 12 + 1 = 13 = 2 = 3_5 \\ 3 \times 3 = 9 + 2 = 11 = 2 = 1_5 \end{array}$$

مختلف اساسوں والے اعداد پر عمل

اظہاریے کو آسان بنانے کے لیے ہمیں تمام اعداد کو یکساں اساسی نظام میں تبدیل کرنا ہوگا۔ یہ زیادہ آسان ہے اگر ہم ان تمام اعداد کو اعشاری یا اساس 10 کے نظام میں تبدیل کریں۔

مثال : $110111_2 + 21413_5 + 457_{10}$

اساس 10 کے نظام میں تبدیل کرنے کے لیے :

$$110111_2 = 1 \times 2^5 + 1 \times 2^4 + 0 \times 2^3 + 1 \times 2^2 + 1 \times 2^1 + 1 \times 2^0$$

$$= 32 + 16 + 0 + 4 + 2 + 1$$

$$= 55_{10}$$

$$21413_5 = 2 \times 5^4 + 1 \times 5^3 + 4 \times 5^2 + 1 \times 5^1 + 3 \times 5^0$$

$$= 1250 + 125 + 100 + 5 + 3$$

$$= 1483_{10}$$

$$= 110111_2 + 21413_5 + 457_{10}$$

$$= 55_{10} + 1483_{10} + 457_{10}$$

$$= 1995_{10}$$

اعشاری نظام کو اساس پانچ کے نظام میں تبدیل کرنا

اساس 10 کے عدد کو اساس 5 میں تبدیل کرنے کے لیے ہم تقسیم کا طریقہ استعمال کرتے ہیں جس میں بار بار بقیہ حاصل ہوتے ہیں جیسے کہ ثنائی نظام میں ہوتا ہے۔ یہ تقسیم اس وقت تک جاری رہتی ہے جب تک 5 سے کم حاصل قسمت حاصل نہ ہوجائے۔ مثال 47_{10} کو اساس پانچ میں تبدیل کرنا۔

5	47	Remainder
5	9	—2
5	1	—4
5	0	—1

جواب ہے : 142_5

اساس پانچ کے نظام کو اعشاری نظام میں تبدیل

اساس پانچ کے عدد کو اعشاری عدد میں تبدیل کرنے کے لیے ہم اس عدد کو اس کے مقام کے اعتبار سے متعلقہ 5 کی قوت سے ضرب دیتے ہیں جس سے ہمیں جواب حاصل ہوتا ہے۔

مثال : 24_5 کو اساس 10 میں تبدیل کیجیے۔

$$24_5$$

$$(2 \times 5^1) + (4 \times 5^0)$$ (پانچ کی قوت سے ضرب دیتے ہوئے)

$$10 + (4 \times 1)$$

$$10 + 4$$

$$= 14_{10}$$

اساس پانچ سے ضرب دینا

جدول کو مکمل کرنا

x	0	1	2	3	4
0					
1					
2					
3					
4					

ضرب کی جدول کو استعمال کرتے ہوئے ہم اساس پانچ کے نظام میں اعداد کا حاصل ضرب جان سکتے ہیں۔

تفریق کے جوابات کی تصدیق کے لیے انھیں اعشاری نظام میں تبدیل کیجیے۔

مثال :

$$\begin{array}{r} 110_2 \\ -101_2 \\ \hline 001_2 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 6_{10} \\ -5_{10} \\ \hline 1_{10} \\ \hline \end{array}$$

جب جمع اور تفریق کی علامتوں کے ساتھ سوالات کو حل کیا جا رہا ہو تو DMAS قانون پر عمل کرنا چاہیے یعنی پہلے جمع کریں اور پھر تفریق کریں۔

ثنائی اعداد کا ضرب

درج ذیل جدول کو مکمل کیجیے۔

×	0	1
0		
1		

ثنائی نظام میں '0' اور '1' کا ضرب بالکل ایسا ہی ہے جیسے اعشاری نظام میں یعنی :

$$0 \times 0 = 0$$

$$1 \times 0 = 0$$

$$0 \times 0 = 0$$

$$1 \times 1 = 1$$

لہٰذا ضرب اسی انداز میں کیا جاتا ہے جیسے اعشاری نظام میں۔

مثال : 110_2 اور 11_2 کا حاصل ضرب تلاش کیجیے۔

$$\begin{array}{r} 110_2 \\ \times 11_2 \\ \hline 110_2 \\ \hline 110_2 \\ \hline 10010_2 \\ \hline \end{array}$$

جوابات کی تصدیق کے لیے ثنائی اعداد کو اعشاری اعداد میں تبدیل کیجیے۔

$$\begin{array}{rcr} 110_2 & & 6_{10} \\ \text{x}11_2 & & 3_{10} \\ \cline{1-1} 110 & (=6) & \\ \cline{1-1} 1100 & (=12) & 18_{10} \\ \cline{1-1} 10010_2 & & \\ \cline{1-1} \end{array}$$

ثنائی نظام میں 2 کو اس طرح لکھا جائے گا 10_2 ۔ لہٰذا جب بھی ثنائی اعداد کو جمع کیا جائے اور ہمیں '2' ملے تو ہم اسے 10_2 میں تبدیل کر دیں گے۔ ہم 0 کو اکائی کے کالم میں لکھتے ہیں اور 1 کو اگلے کالم میں۔

مثال: جمع کیجیے۔

$$\begin{array}{r} 101_2 \\ +\ 10_2 \\ \hline 111_2 \\ \hline \end{array}$$

جمع کیجیے۔

$$\begin{array}{r} 101_2 \\ +\ 1001_2 \\ \hline 1110_2 \\ \hline \end{array}$$

جمع کیجیے۔

$$\begin{array}{r} 101_2 \\ +\ 101_2 \\ \hline 1010_2 \\ \hline \end{array}$$

ثنائی اعداد کی تفریق

مندرجہ ذیل جدول کو مکمل کیجیے۔

–	0	1
0		
1		

ثنائی اعداد کو اسی طرح کالموں میں تفریق کیا جا سکتا ہے جیسے ہم اعشاری اعداد کو کرتے ہیں۔

$$\begin{array}{r} 0 \\ -0 \\ \hline 0_2 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 1 \\ -0 \\ \hline 1_2 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 1 \\ -1 \\ \hline 0_2 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 10 \\ -\ 1 \\ \hline 1_2 \\ \hline \end{array}$$

مندرجہ ذیل کو تفریق کیجیے تا کہ ثنائی نظام میں تفریق کو واضح کیا جا سکے۔

مثال: تفریق کیجیے۔

$$\begin{array}{r} 110 \\ -101_2 \\ \hline 001 \\ \hline \end{array}$$

چونکہ 1 ,0 سے گھٹایا نہیں جا سکتا لہٰذا اگلے کالم سے 2 مستعار لیں اور 1 کو 2 سے گھٹائیں۔

مثال:

$$\begin{array}{r} 101_2 \\ -11_2 \\ \hline 10_2 \\ \hline \end{array}$$

مطلوبہ ثنائی عدد ہے :

$$23_{10} = 10111_2 = 1 + 2^1 + 2^2 + 0 \times 2^3 + 2^4$$
$$= 1 + 2 + 4 + 0 + 16$$
$$= 23$$

ثنائی اعداد کو اساس دس میں تبدیل کرنا

ہم ایک مندرج قدر کی خاصیت ، ثنائی عدد کو دس کی اساس میں تبدیل کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

مثال : 111_2 کو اعشاری نظام میں تبدیل کیجیے۔

111_2 ,3 ہندسوں پر مشتمل ہے۔

ثنائی اعداد کی مندرج قدریں ہیں : 2^0 2^1 2^2

ثنائی عدد 111_2 کو دائیں جانب سے 2 کی بڑھتی ہوئی قوت سے ضرب دے کر لکھا جا سکتا ہے۔

مندرج قدر	2^0	2^1	2^2
کے اعداد	1	1	1

$$111_2 = 1 \times 2^2 + 1 \times 2^1 + 1 \times 2^0$$
$$= 4 + 2 + 1$$
$$= 7$$

ثنائی اعداد کا عمل

جمع

مندرجہ ذیل جدول کو مکمل کیجیے۔

+	0	1
0		
1		

ثنائی اعداد کو کالم میں اسی طرح جمع کیا جا سکتا ہے جیسے ہم اعشاری اعداد کو جمع کرتے ہیں۔

مثال :

$$\begin{array}{r} 0 \\ +0 \\ \hline 0_2 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 0 \\ +1 \\ \hline 1_2 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 1 \\ +0 \\ \hline 1_2 \\ \hline \end{array} \qquad \begin{array}{r} 1 \\ +1 \\ \hline 10_2 \\ \hline \end{array}$$

اساس پانچ کا عددی نظام

اس نظام میں اعداد کو 5 کی قوت میں ظاہر کیا جاتا ہے یا پھر 5 کے حاصل ضرب کے طور پر۔ اساس پانچ کے نظام میں پانچ علامات استعمال کی ہوتی ہیں جو یہ ہیں :

0, 1, 2, 3 4

اساس پانچ کے اعداد اور ان کے مساوی اساس دس کے اعداد لکھیے۔

اساس 10 عدد	اساس 2 عدد
1	1
2	2
3	3
4	4
5	10
6	11
7	12
8	13
9	14
10	20

اعشاری نظام کو اساس دو کے نظام میں تبدیل کرنا

کسی بھی اعشاری عدد (اساس 10) کو اساس دو کے عدد میں تبدیل کرنے کے لیے ہم اعشاری عدد کو 'دو' سے بار بار تقسیم کرتے ہیں اور ہر تقسیم پر بقیہ کو حاصل قسمت کے بعد درج کرتے ہیں۔ ہم تقسیم کا سلسلہ جاری رکھتے ہیں تا وقتیکہ ہم بقیہ 0 اور 1 تک نہ پہنچ جائیں۔ ثنائی عدد اس صورت میں حاصل کیا جاتا ہے جب ہم بقیہ کو نیچے سے اوپر تک لکھیں۔

مثال : 23_{10} کو اساس دو کے نظام میں تبدیل کیجیے۔ ہر حاصل قسمت کو 2 سے تقسیم کیجیے۔

2	23	Remainder
2	11	—1
2	5	—1
2	2	—1
2	1	—0
2	0	—1



ضرب کیجیے: $1 \times 16 = 16$

$1 \times 8 = 8$

$0 \times 4 = 0$

$1 \times 2 = 2$

$1 \times 1 = 1$

اب جمع کیجیے: $16 + 8 + 0 + 2 + 1 = 27$

نظام کی اساس کو اکثر عدد کے نیچے درج کیا جاتا ہے تاکہ کوئی الجھن نہ ہو۔

مثال: $11011_2 = 27_{10}$

نوٹ کیجیے کہ یہاں بھی صفر 0 جگہ گھیرتا ہے۔

طلبا کو ثنائی نظام میں 1 سے 12 تک کے اعداد کے اعشاری نظام سے تقابل کی مشق کروائیے۔

اساس 10 کے اعداد	اساس 2 کے اعداد
0	0
1	1
2	10
3	11
4	100
5	101
6	110
7	111
8	1000
9	1001
10	1010
11	1011
12	1100

101, 110 اور 011 سے مختلف ہے۔

'0' بحیثیت مندرج عدد کی اہمیت پر زور دیں۔

ثنائی اور خمسی اعداد کا نظام
(Base Two and Base Five Number system)

ثنائی نظام یا اساس دو کا نظام

اعشاری نظام میں ہم علامتوں مثلاً 9 ... 2 ، 1 ، 0 اور کسی عدد کو پیش کرنے کے لیے ان کی مقامی قدر کا استعمال کرتے ہیں۔ یہ علامتیں ہندسے کہلاتی ہیں۔ ہندسے کی قدر کا انحصار اس جگہ پر ہوتا ہے جو اسے اس عدد میں دی گئی ہو۔

مثال : 124 ایک ایسا عدد ہے جس میں تین ہندسے ہیں 1 ،2 اور 4۔ اس کی قدر ایک سو چوبیس ہے۔ جس میں جگہ کی قدر اس طرح ہے۔ 1 سینکڑہ ، 2 دہائیاں اور 4 اکائیاں۔

1	2	4
سینکڑہ	دہائیاں	اکائیاں
⇕	⇕	⇕
1×100	2×10	4×1

یعنی : $124 = (1 \times 100) + (2 \times 10) + (4 \times 1)$

ہم اس نظام میں دیکھ سکتے ہیں کہ ایک علامت جس جگہ پر ہوتی ہے وہ اس کی جامد قدر ہے۔ اعشاری نظام میں جگہ کی قدریں بہ لحاظ دس کی قوتوں کے ہیں اس لیے اعشاری نظام کو دس پر منحصر نظام بھی کہا جاتا ہے۔ 0 کو جگہ رکھنے والا ہندسہ کہا جاتا ہے اس لیے 240 ,204 اور 24 تمام کی مختلف قدریں ہیں۔

اعداد کا ایک دوسرا نظام جس میں مندرج قدروں کو بہ لحاظ دو کی قوت (مثلاً دو کے گروپ میں گنتی کرنا) کے گنا جاتا ہے 'ثنائی نظام' یا 'اساس دو کا نظام' کہلاتا ہے۔ ثنائی نظام میں ہم اکائیاں ، چار ، آٹھ ... وغیرہ کی رکھتے ہیں۔ ہر جگہ کی قدر دائیں طرف مندرج اعداد کے مقابلے میں دوگنی ہوتی ہے۔ مندرج قدروں کو دو کی قوت سے ظاہر کیا جاتا ہے۔



'ثنائی عدد ریڈر' (Binary Number Reader) میں ہم دو کی اساس والے اعداد لکھ کر ضرب اور جمع کرتے ہیں۔ 11011 کو اساس دو کے نظام سے اساس دس کی قدر میں تبدیل کرنے کے لیے ہم ثنائی عدد ریڈر میں دو کی اساس داخل کرتے ہیں۔

3/7 کا جذر ہے۔ = 0.654 (تین اعشاری درجے تک)

ان اعداد کا جذر جو مکمل مربع نہیں ہیں

وہ اعداد جو مکمل مربع نہیں ہیں، ہم ان کا جذر تقسیم کے طریقے سے معلوم کر سکتے ہیں، جو اعشاری درجوں کے ایک مخصوص عدد تک ہو۔

مثال: 2 کا جذر معلوم کیجیے۔

$$
\begin{array}{r|l}
 & 1.4142 \\
\hline
1 & \hat{2}.\overline{00},\overline{00},\overline{00},\overline{00} \\
+\ 1 & -1 \\
\hline
24 & 100 \\
+\ 4 & -\ 96 \\
\hline
281 & 400 \\
+\ 1 & -\ 281 \\
\hline
2824 & 11900 \\
+\ 4 & -11296 \\
\hline
28282 & 60400 \\
+\ 2 & -\ 56564 \\
\hline
 & 3836
\end{array}
$$

$$\sqrt{2} = 1.4142$$

یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ غیر ناطق اعداد جو p/q کے انداز میں نہیں لکھے جا سکتے۔ یہاں p اور q صحیح اعداد ہیں اور q صفر کے مساوی نہیں ہے اور کسور عام میں جیسے، π، $\sqrt{2}$، $\sqrt{3}$ وغیرہ میں تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔

غیر ناطق اعداد کا جذر بھی اسی انداز سے حاصل کیا جا سکتا ہے جیسے اعشاری کسور کے لیے جو ایک مخصوص عدد تک اعشاری درجات لگانے سے حاصل ہوتا ہے۔

اسی طرح بڑھتے جائیں جیسے مکمل اعداد کے لیے وضاحت کی گئی ہے۔ یہ ذہن میں رکھیں کہ اعشاری نقطہ (حاصل قسمت میں) مکمل حصے کے اعداد ختم ہوتے ہی لگا دیں اور یہ عمل جاری رہے گا تا وقتیکہ اعشاری نقطے کے بعد والا آخری جوڑا بھی استعمال نہیں ہو جاتا۔

مثال: 126.1129 کا مثبت جذر تلاش کیجیے۔

	11.23
1	$1\overline{26}.\ \overline{11}\ \overline{29}$
	−1
21	26
+1	− 21
222	511
+2	− 444
2243	6729
	− 6729
	×

کسور عام کا جذر

اگر شمار کنندہ اور نسب نما، مکمل مربعے ہوں تو پھر ان کا جذر علیحدہ معلوم کیجیے اور پھر حاصل ہونے والی کسر کو حل کیجیے۔

مثال: 4/9 کا جذر معلوم کیجیے۔

$$\sqrt{\frac{4}{9}} = \frac{2}{3} = 0.666$$

اگر شمار کنندہ اور نسب نما دونوں مکمل مربعے نہیں ہوں تو کسر عام کو اعشاری کسر میں تبدیل کیجیے اور پھر جذر تلاش کیجیے۔

مثال: 3/7 کا جذر معلوم کیجیے۔

3/7 کو ایک اعشاری کسر میں تبدیل کرنا

3/7 = 0.428571

تقسیم کے عمل سے جذر معلوم کرنا۔

	0.654
6	$\hat{0}.\overline{42}\ \ \overline{85}\ \overline{71}$
+ 6	−36
125	685
+1	− 625
1304	6071
	− 5216

جذر (Square Root)

ہم یہ جان چکے ہیں کہ کسی عدد کی تفریق ، اس عدد میں کچھ جمع کرنے کا معکوس ہے اور کسی غیر صفری عدد کو تقسیم کرنا ، اس عدد سے ضرب دینے کا معکوس ہے۔ کسی عدد کو مربع بنانا دراصل اس کا 'جذر' تلاش کرنے کا معکوس ہے۔

اگر $a^2 = b$ ہے تو a کو b کا جذر کہا جائے گا۔

کیونکہ $8^2 = 64$ اور $(-8)^2 = 64$ تو 8+ اور 8 ، 64 کے جذر ہیں۔

علامت $\sqrt{}$ ،کو'جذر کا نشان' کہا جاتا ہے۔ یہ نشان کسی مثبت عدد کے اصل یا غیر منفی جذر کو ظاہر کرتا ہے۔

اس طرح $\sqrt{64} = 8$ اور $-\sqrt{64} = -8$

جذر کے نشان کے نیچے دیا گیا عدد جیسے 64 'زیر جذر' رقم کہلاتی ہے۔ عام طور پر آسانی کے لیے جمع اور تفریق کی علامتوں $(\pm)$ کو مجزور کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔

مثال : $\pm\sqrt{64}$ کا مطلب 64 کا مثبت یا منفی جذر ہے۔

تمام حقیقی مثبت اعداد 'a' کے لیے یہ نشان a کے جذر کو ظاہر کرتا ہے۔

اس کا مطلب ہے $(\sqrt{a})^2 = a$

صفر کا صرف ایک جذر ہے جو خود صفر ہے۔ یعنی $\sqrt{0} = 0$

کیونکہ ہر حقیقی عدد کا مربع یا تو مثبت ہے یا صفر، حقیقی اعداد کے سیٹ میں منفی اعداد کا کوئی جذر نہیں ہوتا۔

جذر کی قدریں بہ نظر غائر دیکھی جاسکتی ہیں۔ مثلاً ہم دوسرے جذروں کو حاصل کرنے کے لیے ان جذوروں کا حاصل ظاہر کریں گے جنھیں آپ بخوبی جانتے ہیں۔

مثال : تلاش کیجیے $\sqrt{144} = \sqrt{9 \times 16} = 3 \times 4 = 12$

کسی بھی غیر صفری حقیقی اعداد a اور b کے لیے

$$\sqrt{ab} = \sqrt{a} \times \sqrt{b}$$

مثال : معلوم کیجیے $\sqrt{\frac{64}{16}} = \frac{\sqrt{64}}{\sqrt{16}} = 8/4 = 2$

کسی بھی غیر منفی ، حقیقی عدد a اور کسی بھی حقیقی مثبت عدد b کے لیے

$$\sqrt{\frac{a}{b}} = \frac{\sqrt{a}}{\sqrt{b}}$$

اعشاری کسور کا جذر معلوم کرنے کے لیے:

مثال : 256.009 کا جذر معلوم کیجیے۔ اعداد کا شمار اعشاری نقطے کے بعد کیجیے۔ یہ تین ہے جو ایک طاق عدد ہے۔ اس میں انتہائی دائیں طرف ایک صفر شامل کریں تاکہ جوڑے بن جائیں۔

$$\hat{2}\overline{56}.\overline{00}\,\overline{90}$$

اعداد یا متغیر اظہاریوں (جنھیں عدم مساوات کی سمتیں کہا جاتا ہے) میں عدم مساوات کے نشانات (< ,>) لگا کر عدم مساوات بنائی جاتی ہے۔

ایسی عدم مساوات جس میں ایک متغیر ہو 'کھلا جملہ' کہلاتا ہے۔

مثال: $5x - 1 = 9$

اگر متغیر کی قدر معلوم کر کے اس اظہاریے میں لگادی جائے تو یہ عدم مساوات حل کی جا سکتی ہے۔ یہ قدریں 'عدم مساوات کے حل' کہلاتی ہیں۔ یہ عدم مساوات کے ''حل سیٹ'' بناتی ہیں۔

مثال: اگر $a - \{-1, 0, 1, 2, 3, 4\}$ تو $a + 7 < 9$ کا حل کیا ہوگا۔

a کی قدر کو بدلنے سے:

$a + 7 < 9$

$-1 + 7 < 9$ (صحیح)

$0 + 7 < 9$ (صحیح)

$1 + 7 < 9$ (صحیح)

$2 + 7 < 9$ (غلط)

$3 + 7 < 9$ (غلط)

$4 + 7 < 9$ (غلط)

لہٰذا حل ہے: $\{-1, 0, 1\}$

مثال: عدم مساوات کی خصوصیات استعمال کرتے ہوئے حل سیٹ معلوم کریں۔

(x ایک فطری عدد ہے) $7x - 10 < x + 8$ جہاں $x \in N$

(جمعی خاصیت) $7x - 10 + 10 < x + 8 + 10$

(تنسیخی خاصیت بہ لحاظ جمع) $7x - x < x + 18 - x$

$7x - x < + 18$

$6x < 18$

(تنسیخی خاصیت بہ لحاظ ضرب) $6x/6 < 18/8$

$x < 3x$

جس کا مطلب ہے $7x - 10 < x + 8$ ان سب کے لیے صحیح ہے جن کی قدر 'x' ہے جو کہ فطری اعداد ہیں اور 3 سے چھوٹے ہیں۔ یہ 1, 2 ہیں۔ لہٰذا حل سیٹ $\{1, 2\}$ ہے۔

چونکہ حقیقی اعداد کا سیٹ جدولی طریقے سے پیش نہیں کیا جا سکتا اس لیے اسے 'سیٹ بنانے والی علامات' کی شکل میں پیش کیا جاتا ہے۔

اگر $a + c < b + c$ تو $a < b$
اگر $c + a < c + b$ تو $a < b$

6- تنسیخی خاصیت بہ لحاظ ضرب

اگر $c > 0$

اگر $ac > bc$ تو $a > b$
اگر $ca > cb$ تو $a > b$
اگر $ac < bc$ تو $a < b$
اگر $ca < cb$ تو $a < b$

اگر $c < 0$

اگر $ac > bc$ تو $a < b$
اگر $ca > cb$ تو $a < b$
اگر $ac < bc$ تو $a > b$
اگر $ca < cb$ تو $a > b$

$a = 1$, $b = 2$ اور $c = 3$ کی قدریں لگا کر تصدیق کریں۔

درج بالا مساواتوں میں خواص ثابت ہوتے ہیں۔ طلبا کو یہ سیکھنے کی ضرورت نہیں ہے مگر جب آپ مساوات اور عدم مساوات کے خواص کی طرف جاتے ہیں تو ضرورت پڑنے پر ان کا حوالہ دیا جا سکتا ہے۔

عدم مساوات

عددی خط کو دیکھیے۔



ایک عددی خط حقیقی اعداد کے درمیان تعلق کو ظاہر کرتا ہے۔

مثال: 4 – 2 سے چھوٹا ہے 2 سے

4 بڑا ہے 1 سے

جملہ: $2 > x > -3$ کا مطلب ہے x ایسے عدد کی نشان دہی کرتا ہے جو ‎-3 اور 2 کے درمیان موجود ہے۔ ہم اس جملے کو اس طرح پڑھ سکتے ہیں۔

x، ‎-3 سے بڑا ہے لیکن 2 سے چھوٹا ہے۔

یہی تقابل جملہ $-3 < x < 2$ میں بیان کیا گیا ہے۔

یہ تین عدم مساوات ہیں

$y + 7 < 9$
سمتیں

$4x - 3 > 2$
سمتیں

$-2 < 0$
سمتیں

حقیقی اعداد کی برابری کے خواص

ہم '=' کا نشان یہ ظاہر کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں کہ دو اظہاریے یکساں اعداد رکھتے ہیں۔ اپنے کام کے دوران ہم مندرجہ ذیل مساویانہ خاصیتوں کو درج کیے بغیر استعمال کریں گے۔

تمام حقیقی اعداد a, b اور c کے لیے

-1	عکسی خاصیت	$a = a$
-2	تشاکلی خاصیت	اگر $a = b$ تو $b = a$
-3	خاصیت مبادلہ	اگر $a = b$ اور $b = c$ تو $a = c$
-4	جمعی خاصیت	اگر $a = b$ تو پھر $b + c = a + c$
-5	ضربی خاصیت	اگر $a = b$ تو پھر $ac = bc$ اور $ca = cb$
-6	تنسیخی خاصیت بہ لحاظ جمع	اگر $a + c = b + c$ تو $a = b$ اور اگر $c + a = c + b$ تو $a = b$
-7	تنسیخی خاصیت بہ لحاظ ضرب	$ac = bc$ تو $a = b$ اور $ca = cb$ تو $a = b$

غیر مساویانہ خصوصیات

تمام حقیقی اعداد a, b اور c کے لیے

-1 ثلاثی خاصیت

یا تو $a < b$ یا $a = b$ یا $a < b$

-2 خاصیت مبادلہ

اگر $a > b$ اور $b > c$ تو $a > c$

اگر $a < b$ اور $b < c$ تو $a < c$

-3 جمعی خاصیت

اگر $a > b$ تو $a + c > b + c$

اگر $a < b$ تو $a + c < b + c$ اور $c + a < c + b$

-4 ضربی خاصیت

اگر $c > 0$ اور $a > b$ تو $ac > bc$ اور $ca > cb$

اگر $a < b$ تو $ac < bc$ اور $ca < cb$

اگر $c < 0$ یعنی c ایک منفی صحیح عدد ہے اور اگر $a > b$ تو پھر $ac < bc$ اور $ca < cb$

اگر $a < b$ تو $ac > bc$ اور $ca > cb$

-5 تنسیخی خاصیت بہ لحاظ جمع

اگر $a + c > b + c$ تو $a > b$

اگر $c + a > c + b$ تو $a > b$

$$
\begin{array}{r|l}
 & 1.4375 \\
\hline
16 & 23.0000 \\
 & -16 \\
\hline
 & 70 \\
 & -64 \\
\hline
 & 60 \\
 & -48 \\
\hline
 & 120 \\
 & -112 \\
\hline
 & 80 \\
 & 80 \\
\hline
 & \text{x}
\end{array}
$$

بہت سے ناطق اعداد کے لیے تقسیم کا طریقہ کار بقیہ صفر کی طرف نہیں لے جاتا۔

مثال : $\frac{103}{33} = 3.1212 .....,$

یہاں نقطوں کا استعمال ظاہر کرتا ہے کہ 12 کے عدد کو لاتعداد مرتبہ دہرایا گیا ہے۔ ہم عام طور پر کہہ سکتے ہیں :

ہر ناطق عدد کو یا تو ایک اختتامی اعشاری عدد یا ایک مکرر اعشاری عدد کے ذریعے ظاہر کیا جا سکتا ہے۔

غیر ناطق اعداد

اس اعشاری اظہاریے پر ایک نظر ڈالیں۔

0.535533555333

اعشاری نقطے کے بعد پہلے اعداد ایک 5 اور ایک 3 ہیں ، اس کے بعد دو 5 اور دو 3 ہیں۔ یہ نہ تو اختتامی ہیں اور نہ ہی مکرر۔ اس طرح ہم یہ جان گئے کہ یہ ناطق عدد کا اظہار نہیں کر رہے ہیں۔

ہم کہہ سکتے ہیں کہ غیر ناطق اعداد وہ ہیں جن کا اظہار غیر اختتامی اور غیر مکرر عدد سے ہوتا ہے۔

مثال : $\sqrt{2}$، $\sqrt{3}$، $\sqrt{5}$ وغیرہ غیر ناطق اعداد ہیں۔

شمار ہونے والے اعداد کے مثبت جذر جو کہ مکمل مربع نہیں ہیں غیر ناطق اعداد ہیں۔

ناطق اعداد (Rational Numbers)

قدرتی اعداد، شمار ہونے والے اعداد ہیں (یا مثبت صحیح اعداد) جب ہم دو قدرتی اعداد کو جمع کرتے ہیں تو حاصل ہمیشہ ایک قدرتی عدد ہوتا ہے۔

مثال: $2 + 3 = 5$

جبکہ قدرتی عدد کو دوسرے قدرتی عدد سے گھٹایا جائے تو ممکن ہے کہ فرق قدرتی عدد نہ ہو۔

مثال: $2-4 = -2, 5 - 5 = 0$

اس طرح مکمل اعداد اور منفی صحیح اعداد کا تصور واضح ہوتا ہے۔

$0, -1, -2, -3, \ldots$ مگر اس وقت کیا ہوگا جب ایک قدرتی عدد کو دوسرے قدرتی عدد سے تقسیم کیا جائے۔

$$4 \div 2 = 2$$

$$3 \div 5 = 3/5$$

اعداد کا وہ کون سا طریقہ ہے جس میں ہم 3/5 کو رکھ سکتے ہیں۔

کسور عام کے دیے ہوئے اعداد، سیٹ کے اعداد کا حصہ ہیں جو 'ناطق اعداد' کہلاتے ہیں۔

لہٰذا 1/2، 7/6، 5، 3/5 اور 0 ناطق اعداد ہیں۔

ناطق اعداد کے سیٹ کا ذیلی سیٹ مکمل اعداد کا سیٹ ہوتا ہے۔ اس طرح ہم نے سیٹ کے اعداد کو بڑھا دیا تاکہ اسے استعمال کر سکیں۔

ہم ایک ناطق عدد کو اس طرح واضح کر سکتے ہیں۔ ''کوئی بھی عدد جسے p/q کی شکل میں ظاہر کیا جا سکے اس میں p اور q صحیح اعداد اور q، صفر کے برابر نہیں ہے۔''

اس طرح مثبت صحیح اعداد، منفی صحیح اعداد، صفر اور کسور عام، ناطق اعداد کے نظام سے متعلق ہیں۔

جب ہمیں ایک کسر، ناطق عدد کو ظاہر کرنے کے لیے دی جاتی ہے تو ہم کسر کے شمار کنندہ کو نسب نما سے تقسیم کر کے اس عدد کا اعشاری عدد حاصل کر سکتے ہیں۔

مثال: $1/2 = 0.5, 3/5 = 0.75, 12/5 = 2.4$

تاہم کبھی کبھی تقسیم کا یہ طریقہ کار ایک طویل تقسیم سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

مثال: $23/16 = 1.4375$

سیٹ (Sets)

پاور سیٹ

پاور سیٹ وہ سیٹ ہے جو کسی دیے گئے سیٹ کے تمام ممکنہ ذیلی سیٹوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

مندرجہ ذیل سیٹ پر غور کریں :

$A = \{1, 2, 3\}$

A کا پاور سیٹ اس طرح لکھا جاتا ہے :

$P(A) = A$ کے تمام ممکنہ ذیلی سیٹ

$= [\{\ \}, \{1\}, \{2\}, \{3\}, \{1, 2\}, \{2, 3\}\ \{1, 3\}, \{1, 2, 3\}]$

A کے پاور سیٹ کے 8 ذیلی سیٹ ہیں۔

کسی دیے گئے سیٹ کے پاور سیٹ (ذیلی سیٹوں کی تعداد) معلوم کرنے کے لیے ہم یہ فارمولا استعمال کر سکتے ہیں۔

2^n (اس میں n سیٹ کے اجزا ظاہر کرتا ہے)

مثال : $\{1, 2, 3\} =$ (3 اجزا)

$P(A) = 2^n = 2^3 =$ 8 ذیلی سیٹ

$B = \{a, b, c, d\} =$ (4 اجزا)

$P(B) = 2^n = 2^4 =$ 16 ذیلی سیٹ

ڈی مورگن کے قوانین : (Venn diagram)



A'



B'

1. $(A \cup B)' = A' \cap B'$



$(A \cup B)'$



$A' \cap B'$

2. $(A \cap B)' = A' \cup B'$



$(A \cap B)'$



$A' \cup B'$

Notes

Notes